22084 ـ مرد و عورت سے مختلط الوداعی پارٹیاں اور موسیقی سے علاج

سوال

مرد و عورت سے مختلط الوداعی پارٹیوں کا حکم ہے ؟
اور موسیقی سے علاج کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد لله.

پارٹیوں اور دعوتوں میں مرد و عورت کا اختلاط نہیں ہونا چاہیے، بلکہ واجب تو یہ ہے کہ مردوں کی پارٹی میں صرف مرد، اور عورتوں کی پارٹی میں صرف عورتیں ہوں، لیکن مرد و عورت کا ایک ہی دعوت اور فنکشن میں اختلاط بری چیز ہے، اور یہ جاہلیت کے لوگوں کا علم ہے، اللہ تعالی اس سے محفوظ رکھے.

رہا موسیقی سے علاج کرنے کا مسئلہ تو اس کی کوئی اصل نہیں بلکہ یہ بےوقوفوں کا عمل ہے، کیونکہ موسیقی علاج تو کبھی نہیں ہو سکتی بلکہ یہ تو ایک بیماری ضرور ہے، اور موسیقی گانے بجانے کے آلات ملاہی میں شامل ہوتی ہے، جو کہ سب کے سب دل کی بیماری، اور اخلاقی گراوٹ اور انحراف کا باعث ہیں، بلکہ مریضوں کے لیے فائدہ مند اور دل کو راحت دینے والی علاج تو قرآن مجید، اور مفید قسم کی وعظ و نصیحت پر مبنی تقاریر اور درس اور لیکچر، اور احادیث نبویہ کی سماعت ہے.

اور موسیقی یا گانے بجانے کے دوسرے آلات استعمال کر کے علاج کرنا تو انہیں باطل کا عادی بنانا، اور ان کی بیماری اور مرض کو اور بھی زیادہ کریگا، اور انہیں قرآن مجید اور سنت نبویہ اور فائدہ مند تقاریر اور لیکچر سننے میں کمی کا باعث بنےگا، و لاحول و لا قوۃ الا باللہ.